# سوال

(150) صفائی کے لیے بال صفا پاؤڈر کا استعمال

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا بغلوں اور زیرناف کی صفائی کے لیے بال صفا پاؤڈر یا کریم وغیرہ استعمال کر لینا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

بغلوں اور زیرناف کی صفائی کے لیے بال صفا پاؤڈر یا کریم کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو زیرناف کے لیے استرا (ریزر) استعمال کرنا اور بغلوں کے بال نوچنا اور اکھیڑنا ہی افضل ہے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے ''فطرتی اعمال پانچ ہیں: ختنہ کرنا، استرا استعمال کرنا، مونچھیں کتروانا، ناخن تراشنا اور بغلوں کے بال نوچنا۔'' (صحیح بخاری، کتاب اللباس، باب قص الشارب، حدیث: 5550۔ صحیح مسلم، کتاب الطھارۃ، باب خصال الفطرۃ، حدیث: 257۔ سنن ابی داود، کتاب الترجل، باب فی اخذ الشارب، حدیث: 4198) یہ حدیث اپنی صحت کے اعتبار سے متفق علیہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 181

### محدث فتویٰ